# کوئشچن بینک

# درجہ: ''نہم'' (9)

# مضمون: (اردو)

## URDU QUESTION BANK

## CLASS - "IX" 70% COURSE

(حصہ ''الف'')

SHORT QUESTION MULTIPLE CHOICE

**کیثر الجواب پر مبنی سوالات**

: 1 : کسی انسان، جگہ یا چیز کے نام کو کیا کہتے ہیں؟

(۱) ضمیر (۲) اسم (۳) صفت (۴) حرف



: 2 : لفظ ''بہار'' کی ضد کیا ہے؟

(۱) خزاں (۲) موسم (۳) برسات (۴) پھول

: 3 : مندرجہ ذیل میں لفظ ''استاد'' کی جمع کی ہے؟

(۱) استادوں (۲) اساتذہ (۳) محترم استاد (۴) استانی

: 4 : ''متضاد'' کے معنی ہوتے ہیں؟

(۱) الٹے الفاظ (۲) سیدھے الفاظ (۳) جمع الفاظ (۴) اسم

: 5 : ''نازکی ان کے لب کی کیا کہئے

پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے'' اس شعر میں کون سی صنعت پائی جاتی ہے؟

(۱) استعارہ (۲) تضاد (۳) تلمیح (۴) تشبیہ

: 6 : کسی شخص جگہ یا چیز کے نام کی جگہ جو لفظ استعمال کیا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(۱) اسم (۲) ضمیر (۳) کلمہ (۴) کلام

: 7 : محاورہ ''سبز باغ دیکھنا'' کے معنی ہیں:

(۱) دھوکہ دینا (۲) تعریف کرنا (۳) پریشان کرنا (۴) جھوٹ بولنا

: 8 : غالب کس شاعر کا تخلص ہیں ؟

(۱) حیدر علی آتش (۲) میر درد (۳) میر امن (۴) اسداللہ خاں

: 9 : سبق ''امام حسین کی بشارت'' کے مصنف کون ہیں؟

(۱) میر امن (۲) فضل علی فضل (۳) مرزا غالب (۴) نذیر احمد

10: میرامن کا مشہور زمانہ تصنیف کون ہے؟

(۱) کربل کتھا (۲) باغ و بہار (۳) سب رس (۴) آبِ حیات

11: فورٹ ولیم کہاں قائم کیا گیا؟

(۱) دلی میں (۲) پٹنہ میں (۳) کلکتہ میں (۴) آسام میں

12: فورٹ ولیم کالج کب قائم کیا گیا؟

(۱) 1800ء میں (۲) 1750ء میں

(۳) 1680ء میں (۴) 1900ء میں

13: ''ملک صادق'' کس سبق کا کردار ہے ؟

(۱) سیر چوتھے درویش کی (۲) دیو کے باغ میں انجمن آرا کا ملنا

(۳) بحث و تکرار (۴) مہری کا سراپا

14: سرسید احمد خاں کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(۱) دلی میں (۲) آگرہ میں (۳) کلکتہ میں (۴) بنارس میں

15: سرسید احمد خاں کی وفات کب ہوئی تھی؟

(۱) 1785ء میں (۲) 1875ء میں

(۳) 1905ء میں (۴) 1898ء میں

16: رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کس نے جاری کیا تھا؟

(۱) سرسید احمد خاں نے (۲) مرزا غالب نے

(۳) عبدالحلیم شرر نے (۴) محمد حسین آزاد نے



17: سید احمد خاں کو سر کا خطاب کس سن میں ملا؟

(۱) 1878ء میں (۲) 1885ء میں

(۳) 1905ء میں (۴) 1898ء میں

18: سبق ''بحث تکرار'' کے مصنف کون ہیں؟

(۱) سرسید احمد خاں (۲) میرامن (۳) فضل علی فضل (۴) نزیر احمد

19: ''مراسلے کو مکالمہ'' کس نے بنا دیا؟

(۱) مرزا غالب نے (۲) میر تقی میر نے

(۳) میر انیس نے (۴) مرزا سودا نے

20: مولوی نذیر احمد کہاں پیدا ہوئے تھے ؟

(۱) رام پور میں (۲) الہ آباد میں (۳) بجنور میں (۴) کانپور میں

21: ناول ''توبتہ النصوح'' کس نے لکھا ہے؟

(۱) اکبر الہ آبادی نے (۲) نذیر احمد نے

(۳) نظیر محمد نے (۴) ناصر کاظمی نے

22: مولوی نذیر احمد کا پہلا ناول مندرجہ ذیل میں سے کون ہے؟

(۱) مراۃ العروس (۲) امراؤ جان ادا

(۳) ابن الوقت (۴) باغ و بہار

23: مولوی نذیر احمد نے کس طرح کے ناول لکھے؟

(۱) اصلاحی ناول (۲) تاریخی ناول

(۳) رومانی ناول (۴) جاسوسی ناول

24: ''نعیمہ'' کس کے ناول کا کردار ہے ؟

(۱) میر امن کے باغ و بہار کا (۲) امتیاز علی تاج کی امراؤ جان ادا

(۳) نذیر احمد کی توبۃ النصوح کا (۴) فضل علی فضلی کی کربل کتھا کا

25: سبق ''مہری کا سراپا'' کے مصنف کون ہے؟

(۱) رتن ناتھ سرشار (۲) رجب علی بیگ سرور

(۳) سرسید احمد خاں (۴) مولانا الطاف حسین حالی

26: سرشار کس مصنف کا تخلص ہے؟

(۱) رجب علی بیگ کا (۲) رتن ناتھ کا

(۳) محمد حسین کا (۴) اسداللہ خاں کا

27: ''خوجی'' کس مشہور ناول کا کردار ہے؟

(۱) ابن الوقت کا (۲) مراۃ العروس کا

(۳) فسانہ آزاد کا (۴) فردوس بریں کا

28: ''موازنۂ انیس و دبیر'' کس نے لکھی ہے؟

(۱) الطاف حسین حالی نے (۲) مولانا شبلی نعمانی نے

(۳) رتن ناتھ سرشار نے (۴) ابوالکلام آزاد نے



29: شبلی نعمانی کہاں کے رہنے والے تھے؟

(۱) علی گڑھ (۲) اعظم گڑھ (۳) لاہور (۴) آگرہ

30: ادارہ'' دارالمصنفین'' کہاں واقع ہے؟

(۱) حیدرآباد میں (۲) رامپور میں

(۳) اعظم گڑھ میں (۴) رائے گڑھ میں

31: محمد حسین جاہ کہاں کے رہنے والے تھے؟

(۱) الہ آباد کے (۲) لکھنؤ کے (۳) بنارس کے (۴) کانپور کے

32: محمد حسین جاہ کون تھے؟

(۱) مشہور غزل گو (۲) قصیدہ گو (۳) داستان گو (۴) مرثیہ گو

33: ''داستان طلسم ہوش ربا'' کی پہلی چار جلد کس نے لکھی ہے؟

(۱) محمد حسین جاہ (۲) محمد حسین آزاد

(۳) مولوی نذیر احمد (۴) ملاوجہی

34: ''غزل'' کس زبان کا لفظ ہے؟

(۱) عربی (۲) فارسی (۳) اردو (۴) انگریزی

35: غزل کے لغوی معنی ہیں؟

(۱) معشوق سے باتیں کرنا (۲) مزاحیہ باتیں کرنا

(۳) شاعروں سے باتیں کرنا (۴) عالموں سے باتیں کرنا

36: غزل کا جو شعر ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(۱) مطلع (۲) مقطع (۳) بیت الغزل (۴) سید الغزل

37: غزل کا وہ شعر جس میں شاعر اپنا تخلص بیان کرتا ہے اس کو کیا کہتے ہے؟

(۱) مطلع (۲) مقطع (۳) دوبیتی (۴) روباعی

38: بیت الغزل کسے کہتے ہیں؟

(۱) غزل کے پہلے شعر کو (۲) غزل کے آخری شعر کو

(۳) غزل کے سب سے اچھے شعر کو (۴) غزل کے پہلے مصرے کو

39: اردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر کون ہے؟

(۱) محمد قلی قطب شاہ (۲) واجد علی شاہ

(۳) شاہ حاتم (۴) عادل شاہ

40: محمد قلی قطب شاہ کہاں کا رہنے والا تھا؟

(۱) حیدرآباد کا (۲) گولکنڈہ کا (۳) دہلی کا (۴) آگرہ کا

41: سودا کس شاعر کا تخلص ہے؟

(۱) شیخ محمد ابراہیم کا (۲) مرزا محمد رفیع کا (۳) شیخ غلام ہمدانی کا

42: خواجہ میر درد نے کس طرح کی شاعری کی؟

(۱) عاشقانہ شاعری (۲) صوفیانہ شاعری (۳) مزاحیہ شاعری

43: خواجہ میر درد کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

(۱) زمیندار خاندان سے (۲) صوفی خاندان سے (۳) شاہی خاندان سے



44: ”تو اپنے دل سے غیر کی الفت نہ کھو سکا

میں چاہوں اور کو تو یہ مجھ سے نہ ہو سکا“ یہ کس شاعر کا شعر ہے؟

(۱) خواجہ میر درد کا (۲) ولی دکنی کا (۳) میر تقی میر کا

45: میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟

(۱) دلّی (۲) آگرہ (۳) عظیم آباد

46: میر کس نواب کے دربار سے وابستہ رہے؟

(۱) واجد علی شاہ (۲) نواب آصف الدولہ (۳) نواب مرشد قلی خاں

47: ”الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا“ یہ مصرع کس شاعر کا شعر ہے؟

(۱) میر حسن کا (۲) میر درد کا (۳) میر تقی میر کا

48: ”ہستی اپنی حباب کی سی ہے

یہ نمائش سراب کی سی ہے“ یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(۱) مرزا غالب کا (۲) میر تقی میر کا (۳) مرزا سودا کا

49: مصحفی کا پورا نام کیا تھا؟

(۱) شیخ ابراہیم (۲) شیخ غلام ہمدانی (۳) شیخ علاؤالدین

50: مصحفی کہاں کے رہنے والے تھے؟

(۱) امروہہ (۲) علی گڑھ (۳) امرتسر

51: مصحفی کا انتقال کہاں ہوا؟

(۱) دلی میں (۲) آگرہ میں (۳) لکھنؤ میں

52: مصحفی نے اردو کے کتنے دیوان مرتب کیے؟

(۱) پانچ (۲) دس (۳) آٹھ

53: شاعر شیخ امام بخش کا تخلص کیا ہے؟

(۱) آتش (۲) غالب (۳) ناسخ (۴) میر

54: ناسخ کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(۱) آگرہ (۲) لکھنؤ (۳) دلی

55: خواجہ حیدر علی آتش کب پیدا ہوئے تھے؟

(۱) 1777ء میں (۲) 1845ء میں (۳) 1721ء میں

56: آتش کا اصل وطن کہاں تھا؟

(۱) فیض آباد (۲) الہٰ آباد (۳) اورنگ آباد

57: ذوق کا پورا نام کیا تھا؟

(۱) شیخ امام بخش (۲) خواجہ حیدر علی (۳) شیخ محمد ابراہیم

58: ذوق کو ''ملک الشعراء'' کا خطاب کس نے دیا تھا؟

(۱) اورنگ زیب نے (۲) بہادر شاہ ظفر نے (۳) شہنشاہ اکبر نے

59: ذوق کو بنیادی طور پر کس صنف کا شاعر مانا جاتا ہے؟

(۱) غزل کا (۲) قصیدہ کا (۳) مرثیہ کا

60: مرزا غالب کب پیدا ہوئے تھے؟

(۱) 1797ء میں (۲) 1783ء میں (۳) 1705ء میں



61: غالب کی شادی کس عمر میں ہوئی تھی؟

(۱) ۱۱سال کی عمر میں (۲) ۱۲سال کی عمر میں (۳) ۱۳سال کی عمر میں

62: ''یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا'' یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟

(۱) غالب (۲) میر (۳) مومن

63: داغ کے والد کا کیا نام تھا؟

(۱) مرزا محمد تقی (۲) محمد آصف (۳) نواب احمد بخش

64: داغ شاعری میں کس کے شاگرد تھے؟

(۱) مرزا غالب کے (۲) ذوق کے (۳) ناسخ کے

65: مندرجہ ذیل میں سے کون شاعر داغ کے شاگرد تھے؟

(۱) محمد اقبال (۲) جوش ملیح آبادی (۳) فیض احمد فیض

66: مثنوی ''دریائے عشق'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱) میر انیس (۲) میر تقی میر (۳) میر حسن

67: میر حسن کا پورا نام کیا تھا؟

(۱) میر غلام حسین (۲) میر غلام حسین ضاحک (۳) میر ببر علی

68: میر حسن کی مشہور زمانہ مثنوی کا کیا نام ہے؟

(۱) دریائے عشق (۲) سحر البیان (۳) گلزار نسیم

69: ''شہزادہ بے نظیر'' کس مثنوی کا کردار ہے؟

(ا) مثنوی سحر البیان (۲) مثنوی گلزارِ نسیم (۳) مثنوی طوطی نامہ

70: رباعی کتنے مصرعوں کی ہوتی ہے؟

(ا) چار (۲) پانچ (۳) تین

71: ''اس قدر سادہ و پرکار کہیں دیکھا ہے

بے نمود اتنا نمود دار کہیں دیکھا ہے'' اس مصرعے میں کون سی صنعت ہے؟

(ا) تضاد (۲) مبالغہ (۳) استعارہ

72: لفظ ''اتفاق'' کا متضاد الفاظ ہے:

(ا) اتحاد (۲) میل جول (۳) نفاق

73: لفظ ''اساتذہ'' کس کی جمع ہے؟

(ا) اسکول کی (۲) استاد کی (۳) آسمان کی

74: لفظ ''تدبیر'' کی جمع کیا ہے؟

(ا) تدابیر (۲) تفسیر (۳) تعداد

75: ''کیا علم سمائے تیرا سینے میں فلک کے

دریا کی کہاں ہو سکے کاسا میں سمائی''

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(ا) تضاد (۲) مبالغہ (۳) حسن تعلیل



76: محاورہ ''آگ بگولہ ہونا'' کے معنی ہیں؟

(ا) غصہ ہونا (۲) خوش ہونا (۳) ناراض ہونا

77: محاورہ ''ہتھیلی پر سرسوں جمانا'' کے معنی مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(ا) پریشان کرنا (۲) مشکل کرنا (۳) تعریف کرنا

78: فعل وہ کلمہ ہے جس سے ----؟

(ا) کسی شخص کا نام پتہ چلے

(۲) کسی کام کا کرنا یا ہونا معلوم ہو

(۳) اسم کی خوبی یا خامی معلوم ہو

79: ''ابن مریم ہوا کرے کوئی

میرے دکھ کی دوا کرے کوئی'' مندرجہ ذیل میں کون سی صنعت مستعمل ہے؟

(ا) تلمیح (۲) استعارہ (۳) مبالغہ

80: ''جیسا دیس ویسا بھیس'' کہاوت کا مطلب مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(ا) اپنی تعریف خود کرنا

(۲) وقت اور جگہ کے مطابق خود کو بدلنا

(۳) کسی کے نام میں عیب نکالنا

VERY SHORT QUESTIONS

## مختصر ترین سوالات

(1) فضل علی فضلی کی تصنیف کا نام لکھیے۔

(2) فضل علی فضلی کہاں کے رہنے والے تھے؟

(3) مرزا غالبؔ کا پورا نام لکھیے۔

(4) مرزا غالبؔ کب پیدا ہوئے؟

(5) رجب علی بیگ سرور کہاں پیدا ہوئے؟

(6) فسانہ عجائب کس کی تصنیف ہے؟

(7) جان عالم کس ناول کا کردار ہے؟

(8) کس نے مراسلے کو "مکالمہ" میں بدل دیا؟

(9) غالبؔ کے شاگرد کون تھے؟

(10) سرسید نے سائنٹفک سوسائٹی کہاں قائم کی؟

(11) سرسید نے محمد اینگلو اورینٹل کالج کب قائم کیا؟

(12) "اسباب بغاوت ہند" کس کی تصنیف ہے؟

(13) اردو کا پہلا ناول کس نے اور کب لکھا؟



(14) نظیر احمد کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(15) نظیر احمد کے ناول کا موضوع کیا ہے؟

(16) رتن ناتھ سرشار نے کون سا ناول لکھا ہے؟

(17) سبق "ریل کا سفر" کے مصنف کون ہیں؟

(18) شبلی نعمانی کہاں پیدا ہوئے؟

(19) ادارہ "ندوۃ العلماء" کہاں واقع ہے؟

(20) ادارہ "ندوۃ العلماء" کی بنیاد کس نے رکھی؟

(21) موازنہ انیس و دبیر کس نے لکھی ہے؟

(22) شبلی نعمانی کی وفات کب ہوئی ہے؟

(23) محمد حسین جاہ کہاں کے رہنے والے تھے؟

(24) محمد حسین جاہ کس فن کے لئے یاد کئے جاتے ہیں؟

(25) غزل کی ابتدا سب سے پہلے کہاں ہوئی؟

(26) بیت الغزل کسے کہتے ہیں؟

(27) مرزا سوداؔ کا پورا نام کیا تھا؟

(28) اسم کسے کہتے ہیں؟

(29) ضمیر کی تعریف بیان کیجئے۔

(30) میر تقی میر کا سنِ پیدائش کیا ہے؟

(31) میر تقی میر کا انتقال کہاں ہوا؟

(32) ''یاسیت کا امام'' کس شاعر کو کہتے ہیں؟

(33) مصحفی کا پورا نام کیا تھا؟

(34) مصحفی کہاں کے رہنے والے تھے؟

(35) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(36) مقطع کیا ہے؟

(37) رباعی میں کتنے شعر ہوتے ہیں؟

(38) غالب کی وفات کب ہوئی ؟

(39) داغ کا پورا نام کیا تھا؟

(40) داغ کے شاگرد کون تھے؟



## SHORT QUESTIONS

## مختصر سوالات

(1) اسم کی تعریف کرتے ہوئے اسکے مختلف اقسام کو مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔

(2) ضمیر کسے کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ بیان کیجئے اور اسکے مختلف اقسام کے نام بھی لکھئے۔

(3) صفت کی تعریف مثال کے ساتھ بیان کیجئے اور اسکی مختلف قسموں کو بھی مثال کے ساتھ واضح کیجئے۔

(4) مندرجہ ذیل محاورات میں سے کسی چار کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ اسکا مفہوم واضح ہو جائے۔

(i) اپنا الو سیدھا کرنا (ii) ٹیڑھی کھیر ہونا

(iii) اینٹ سے اینٹ بجانا (iv) ہوا سے باتیں کرنا

(v) ہاتھ ملنا (vi) آنکھ کا تارا ہونا

(vii) دال نہ گلنا — (viii) آنکھیں چرانا

(ix) منھ پھلانا — (x) ہوا ہو جانا

(xi) پھونک پھونک کر قدم رکھنا — (xii) خون کا پیاسا ہونا

(xiii) خون سفید ہونا — (xiv) لوہا ماننا

(xv) لوہے کے چنے چبانا — (xvi) پانی پانی ہونا

(xvii) گھی کے چراغ جلانا — (xviii) تارے گننا

(xix) بے پر کی اڑانا — (xx) آسمان زمین کی قلابیں اڑانا

(xxi) ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا

(5) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف لکھئے اور مثالیں بھی دیجئے۔

(i) تشبیہ — (ii) استعارہ — (iii) تضاد

(iv) حسنِ تعلیل — (v) تلمیح — (vi) مبالغہ

(6) سبق بحث و تکرار میں سرسید نے گفتگو کرنے کے کیا آداب بتائے ہیں۔

(7) غالب کی خطوط نگاری پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(8) مولوی نظیر احمد کی ناول نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔



(9) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کا مطلب ضروری حوالوں کے ساتھ لکھئے۔

یا

مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے؟

(۱)
الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریِ دل نے آخر کام تمام کیا

(۲)
دیکھ تو دل کہ جاں سے اٹھتا ہے
یہ دھواں سا کہاں سے اٹھتا ہے

(۳)
گو نالہ نارسا ہوں نہ ہو آہ میں اثر
میں نے تو درگزر نہ کی جو مجھ سے ہو سکا

(۴)
لوگ کہتے ہیں محبت میں اثر ہوتا ہے
کون سے شہر میں ہوتا ہے کدھر ہوتا ہے

(۵)
کوئی غفلت بھی حقیقت سے نہیں ہے خالی
کون سا خواب ہے جس کیلئے تعبیر نہیں

(۶) جنوں پسند مجھے چھاؤں ہے ببولوں کی
عجب بہار ہے ان زرد زرد پھولوں کی

(۷) اسے ہم نے بہت ڈھونڈا نہ پایا
اگر پایا تو کھوج اپنا نہ پایا

(۸) یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

(۹) عشرت قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا
درد کا حد سے گزر جانا ہے دوا ہو جانا

(۱۰) میں بھی منھ میں زباں رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

(۱۱) جاں تم پر نثار کرتا ہوں
میں نہیں جانتا دعا کیا ہے

(۱۲) ناحق ہم مجبوروں پر تہمت ہے خود مختاری کی
چاہے ہیں سو آپ کریں ہیں مجھ کو عبث بدنام کیا



(۱۳) نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن
بہت بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے

(۱۴) وہ نئے گلے وشکاتیں وہ مزے مزے کی حکایتیں
وہ ہر ایک بات پہ روٹھنا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(۱۵) میں بھی کچھ خوش نہیں وفا کرکے
تم نے اچھا کیا نباہ نہ کی

(۱۶) خاطر سے یا لحاظ سے میں مان تو گیا
جھوٹی قسم سے آپ کا ایمان تو گیا

(10) مندرجہ ذیل اصناف میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(i) داستان (ii) ناول (iii) خطوط نگاری

(iv) غزل (v) مثنوی (vi) رباعی

# LONG QUESTIONS

# تفصیلی سوالات

**سوال:۱: مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب آسان زبان میں لکھئے اور اس کا سیاق و سباق بھی لکھئے۔**

**(الف)** ''اس عرصے میں شام نزدیک ہوئی، تند ہوا چلی شور غل مچا۔ یہ سمجھا کہ اب کسی دیو یا ساحر کی آمد ہے، چھپا چاہئے سر گلدستہ گلشئیں محبت کے رو برو، بھورا بن کر بیٹھ رہا۔ دفعتہً دیو آ پہنچا، قوی ہیکل زبوں شمائل، مگر وحشی سا ہر سمت بو سونگھنے لگا۔ پھر اسی گلدستہ سے سفید پھول توڑا، اس سمیں پیکر کو سونگھایا، سر اچھل کر بدن سے ملا۔ انجمن آرا اُٹھ بیٹھی۔''

**(ب)** ''اہاہاہا! میرا پیارا مہدی آیا۔ آؤ بھائی مزاج تو اچھا ہے بیٹھو یہ رام پور ہے، دارالسرور ہے۔ جو لطف یہاں ہے وہ اور کہاں؟ پانی سبحان اللہ! شہر سے تین سو قدم پر ایک دریا ہے، کوسی اس کا نام ہے، بے شبہ چشمہ آب حیات کی کوئی سوت اس میں ملی ہے۔ خیر اگر یوں بھی ہے تو بھائی آبِ حیات عمر بڑھاتا ہے۔ لیکن اتنا شیریں کہاں ہوگا؟''



**(ت)** ''میری جان کن اوہام میں گرفتار ہے؟ جہاں باپ کو پیٹ چکا، اب چچا کو بھی رو۔ خدا تجھ کو جیتا رکھے اور تیرے خیالات و احتمالات کو صورت وقوعی دے۔ یہاں خدا سے بھی توقع باقی نہیں، مخلوق کا کیا ذکر؟ کچھ بن نہیں آتی۔ اپنا آپ تماشائی بن گیا ہوں۔ رنج و ذلت سے خوش ہوتا ہوں یعنی اپنے آپ کو غیر تصور کیا ہے۔ جو دکھ مجھے پہنچتا ہے کہتا ہوں لو غالب کے ایک جوتی اور لگی بہت اتراتا تھا کہ بڑا شاعر اور فارسی داں ہوں''

**(ج)** ''پس اے میرے عزیز ہم وطنو! جب تم کسی کے برخلاف کوئی بات کہنی چاہو یا کسی کی بات کی تردید کرنے کا ارادہ کرو تو خوش اخلاقی اور تہذیب کو ہاتھ سے مت جانے دو۔ اگر ایک ہی مجلس میں دو بدو بات چیت کرتے ہو تو اور بھی زیادہ نرمی اختیار کرو۔ چہرہ، لہجہ، آواز، وضع، لفظ اس طرح پر کھو جس سے تہذیب اور شرافت ظاہر ہو مگر بناوٹ بھی نہ پائی جاوے۔''

**(د)** ''فہمیدہ نے میاں کے روبرو بیٹوں کا بیڑا اٹھاتے تو اٹھا لیا تھا، لیکن نعیمہ کے تصور سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے اور جی ہی جی میں کہتی تھی کہ ذرا بھی میں اس بھڑوں کے چھتے کو چھیڑوں گی تو مراسر مونڈ کر بھی بس نہیں کرے گی۔ سو سو منصوبے ذہن میں باندھتی تھی، مگر

نعیمہ کی شکل پر نظر پڑی اور سب غلط ہو گئے۔ ماں تو موقع محل سوچتی رہی۔ نعیمہ نے خود ہی ابتداء کی۔''

(س) ''میاں آزاد نہار منہ شہر میں چکر لگا رہے تھے تو ایک دفعہ ہی کیا دیکھتے ہیں کہ سامنے ایک زرنگار پر بہار فنس بڑے دھوم دھڑکے سے آرہی ہے۔ کہاں ہری ہری وردی طوطے پھڑک، لال لال پگیا فوق البھڑک کندھے جوڑے ہوئے شہہ گام جارہے ہیں۔ چھٹکا سرخا سرخ لال بھبھوکا فنس زرنگاری سواری ہے یا باد بہاری۔ ایک طرح دار باغ و بہار گل عذار شوق عیار میری ساتھ ہے۔''

(ص) ''اردو شاعری میں جس طرح بہت سے بے معنی تکلفات پیدا ہو گئے جنھوں نے شاعری کا اصل جوہر خاک میں ملا دیا۔ اسی طرح تشبیہات اور استعارات کی حالت بھی بالکل بدل گئی ہیں۔ اور لطف یہ کہ آج کل کے اہل سخن بدمذاقی سے اسی کو کمال سخن سمجھتے ہیں۔ انسان میں فطرتاً یہ بات پیدا ہوگئی ہے کہ وہ اشیاء کی تصویر سے لطف اٹھاتا ہے۔''

**سوال:۲: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے:**

(الف) موسم گرما

(ب) ہمارا پسندیدہ تہوار



(ج) ہمارا پسندیدہ شاعر یا ادیب

(د) سائنس کا کرشمہ

(س) کسی تفریح مقام کی سیر

(ص) ٹیلی ویژن کے اثرات

(ط) میرا محبوب مشغلہ

(ع) بڑھتی ہوئی آبادی کا مسئلہ

(ن) پابندی وقت

(ی) علم کی برکتیں

**سوال:۳: مندرجہ ذیل غیر درسی عبارت کا خلاصہ لکھئے۔**

(i) ''نظیر نے شاعری کے آسمان سے اتر کر زمین کی چیزوں کو دیکھا تو ان میں بھی ان کو بڑی خوبصورتی نظر آئی اور عام لوگوں سے ان کا دل ایسا ملا کہ انھوں نے بادشاہوں، امیروں اور درباروں کی طرف رخ نہیں کیا۔ حیدرآباد سے طلب کئے گئے، بھرت پور کے مہاراجہ نے روپیہ بھیج کر بلایا، اودھ کے دربار نے اپنے یہاں بلانے کی خواہش ظاہر کی مگر یہ کہیں نہیں گئے۔''

(ii) ''میر امن نے عام طور پر نثر کو شاعرانہ طریقوں سے موثر بنانے کے بجائے نثر کے خاص وسائل کے ذریعہ مؤثر بنایا ہے۔ ان کی اثر آفرینی کا بڑا حربہ تکرار الفاظ اور تابع مہمل کا استعمال ہے۔ جس سے جوش آہنگی پیدا کرنا مقصد ہے۔ میر امن کی باغ و بہار میں عام فضا پر بادشاہوں وزیروں اور امیر کی زندگی کا گہرا رنگ موجود ہے۔''

(iii) ''فسانہ عجائب کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اپنے عہد کا سچا مرقع ہے۔ لکھنؤ کی عام زندگی اور اس کے معاشرت و ماحول کی پیداوار ہے۔ اس میں زندگی کا رنگ مثنوی سحرالبیان سے زیادہ گہرا اور حقیقی محسوس ہوتا ہے۔ لکھنؤ کی سب سے بڑی خصوصیت شیریں بیانی ہے۔ اس کا اظہار وہاں کے انداز کے علاوہ روزمرہ کی معمولی گفتگو فقرے بازی اور حاضر جوابی کی شکل میں ہوتا رہتا ہے۔ فسانہ عجائب صرف لکھنوی تہذیب کا مرقع ہی نہیں بلکہ اس داستان میں ہندوستانی تہذیب کو بھی پیش کیا گیا ہے اور اس میں ہندوستانی عناصر بکھرے پڑے ہوئے ہیں۔''

(iv) ''جس وقت ہوا آگ کے شعلوں سے نہا رہی تھی، جب سورج آسمان سے انگارے اگل رہا تھا، اس وقت اخلاق و رضا کا ایک مجسم نمونہ عمر وسعد کے سامنے اس گھوڑے پر سوار تھا جس کی زبان پیاس



کے مارے باہر نکل آئی تھی اور حسرت و پیاس سے مڑ مڑ کر اپنے سوار کے قدموں میں آنکھیں مل رہا تھا۔ رسولِ عربی کا کلمہ پڑھنے والے مسلمان آئیں، قدرت کا تماشہ دیکھیں، روئیں، چیخیں، سر پیٹیں، اس گھوڑے کا سوار کون ہے..؟ جو ان کے آقا و مولا کے کاندھے پر سوار ہوا۔ یہ دھوپ میں جلنے والا، جھلسنے والا ابنتِ رسول ﷺ کا دودھ پی کر اور علیؑ کے ہاتھوں میں کھیل کر جوان ہوا ہے۔''

(v) ''رشید صاحب اپنا خام مواد شعر و ادب سے لیتے ہیں۔ ان کا دائرہ کار بہت وسیع ہے۔ تاریخ، سیاست، سائنس، تہذیب قومی تحریکات، جد و جہد آزادی وغیرہ اور طرح طرح کے افراد........ وہ کرداروں کو توڑ مروڑ کر پیش نہیں کرتے، ان کی ظرافت کا معیار نہایت بلند ہے۔ وہ طنز میں فلسفیانہ طرز عمل اختیار کرتے ہیں اور ان کے یہاں سنجیدہ مقصد بھی چھپا رہتا ہے۔ لکھتے ہیں'' ہنسنا ہنسانا بھی ایک عبادت ہے اور اس کا اجرا اتنا ہی ہے جتنا کسی عبادت کو ہوسکتا ہے۔'' خوش مزاجی انہیں ہر جگہ تلخی سے محفوظ رکھتی ہے مزاحیہ ماحول پیدا کرنے کے لئے وہ صنائع کا سہارا لیتے ہیں۔''

(vi) ''مسلمان جب وسط ایشیا ایران و عرب ممالک سے ہندوستان میں آئے اور ایک فاتح کی حیثیت سے آئے تو ایک زندہ و متحرک کلچر اور

اپنی ترقی یافتہ زبانیں اور ادب بھی ساتھ لائے ۔ ان کی آمد اور مستقل قیام نے ہندوستان کی بولیوں پر گہرے اثرات ڈالے اور ان میں سے کچھ نے آگے بڑھ کر نئی زبانوں اور نئے کلچر کے اثرات قبول کئے اور تیزی سے مشترک زبان کی تشکیل ہونے لگی اور ابتدائی دور میں یہ بولیاں باہر سے آنے والوں اور یہاں کے باشندوں کے درمیان اظہار و ابلاغ کا وسیلہ بن گئیں اور ان میں سے ایک تناور درخت بن کر بڑھنے لگی۔''

**سوال ۳: مندرجہ ذیل ادیب یا شاعروں میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی اور ادبی خوبیاں بیان کیجئے:**

(i) مرزا اسداللہ خاں غالب

(ii) رجب علی بیگ سرور

(iii) مولوی نذیر احمد

(iv) میر تقی میر

(v) خواجہ میر درد

(vi) میر حسن

(vii) سر سید احمد خاں



**سوال ۴: غالب کی خطوط نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔**

**سوال ۵: مثنوی سحرالبیان کی ادبی خصوصیات پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔**

**سوال ۶: آپ کے نصاب میں شامل سبق ''دیو کے باغ میں انجمن آرا کا ملنا'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔**

**سوال ۷: فضل علی فضلی کے سبق ''حضرت امام حسینؓ کی بشارت'' کا خلاصہ آسان زبان میں لکھئے۔**

شبانہ انجم
Shabana Anjum
Assitant Teacher
GIC Prayagraj
Mobile No. : 9450616766

☆☆☆ ختم شد ☆☆☆